ilmkidunya
علم کی دنیا

Pakistan Studies - ICOM Part 2 Pak Studies Urdu Medium Full Book Short Questions Test

Q1. 1973 کے ائین کے تحت گورنر کی حیثیت بتائیں-

Ans 1: گورنر صوبائی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے- جس کو صدر نامزد کرتا ہے- جب تک صدر چاہے گورنر اپنے عہدے پر برقرار رہ سکتا ہے- گورنر صوبائی اسمبلی کا اجلاس طلب کرتا ہے- اسے خطاب کرتا ہے اور وزیراعلیٰ کے مشورے پر اسمبلی توڑسکتا ہے- گورنر ، وزیراعلیٰ کے مشورے پر تما نظم و نسق چلاتا ہے- حآلات کے فوری تقاضے کے پیش نظر آرڈیننس جاری کرسکتا ہے-

---

Q2. غیر رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: غیر رسمی تعلیم باقاعدہ اداروں سے حاصل نہیں ہوتی اور نہ ہی شعوری انداز میں مقاصد تعلیم کو پیش نظر رکھا جاتا ہے - گھر میں ، گلی محلے میں دوستوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے ، بازار میں مسجد میں انسنا بہت کچھ سیکھتا ہے یہ سب غیر رسمی تعلیم کا طریقہ ہے- غیر رسمی تعلیم کے لیے جگہ، وقت اور نصاب کا تعین نہیں ہوتا- ایسی تعلیم کا سب سے بڑا اور اولین مرکز گھر ہے- گھر اور خاندان کے بہت سے رسم و رواج آدمی خود بخود سیکھتا ہے.

Q3. اخوت سے کیا مراد ہے. آخوت کے بارے میں ایک آیت یا اسکا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: اخوت کے معنی بھائی چارے کے ہیں. اخوت کا اصول اسلامی معاشرے کا ایک اہم پہلو ہے .بھائی بھائی ہونے کی حیثیت سے وہ ایک دورے کے دکھ سکھ اور خوشی اور غم میں شریک ہوتے ہیں. اخوت اور بھائی چارے کا احسان محبت ، باہمی تعاون اور قربانی کے جذبات کو ابارتا اور فروغ دیتا ہے قرآن مجید میں ارشاد ہے. "بے شک سب اہل ایمان بھائی بھائی ہیں."

Q4. جنرل محمد ضیاء الحق نے کب مارشل لاء نافذ کردیا.

Ans 1: جنرل محمد ضیاء الحق نے 5 جولائی 1977 کو ملک میں مارشل لانافذ کردیا. اور قومی وصوبائی اسمبلیوں کو ختم کردیا گیا.اور 1973 کے ائین کو معطل کردیا گیا-

---

Q5. حقوق کی تعریف لکھیں.

Ans 1: وہ مطالبات جو شہری اپنی بھلائی کےلیے حکومت سے یا آپس میں کرتے ہیں اور حکومت اور معاشرہ انہیں تسلیم کرتا ہے حقوق کہلاتا ہے.

Q6. ون یونٹ سے کا مراد ہے

Ans 1: دستور سازی کی راہ میں حائل رکاوٹوں میں ایک بڑی رکاوٹ یہ بھی تھی کہ ملک کا مغربی حصہ چار صوبوں، پاکستان کے ساتھ الحاق کرنے والی ریاستوں جب کہ مشرقی حصہ ایک صوبے پر مشتمل تھا- اس رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے مغربی پاکستان کے چاروں صوبوں کو ملاکر ایک صوبہ بنادیا گیا اور اسے ون یونٹ کا نام دیا گیا.

Q7. پاکستان میں تعلیم کے مدارج بیان کریں-

Ans 1: پرائمری اور ایلمنٹری تعلیم - ثانوی تعلیم - اعلیٰ ثانوی تعلیم - پروفیشنل تعلیم

Q8. زرعی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے- ملک کی بیشتر آبادی دیہات میں رہتی ہے جس کا پیشہ کھیتی باڑی ہے- فصلوں کی کاشت اور کھیتی باڑی کے بہت پرانے طریقے استعمال کیے جاتے تھے- جس کی وجہ سے زمینوں سے بہت کم پیداوار حاصل ہوئی تھی.حکومت نے زراعت کی ترقی کے لیے مختلف سطح کے ادارے اور یونی ورسٹیاں قائم کردی ہیں-

---

Q9. 1973 کے ائین کی اسلامی دفعات تحریر کریں-

Ans 1: 1- اللہ تعالیٰ کی حاکمیت 2- مسلمان کی تعریف 3- ملک کانام 4- صدر اور وزیراعظم کا مسلمان ہونا 5- سرکاری مذہب اور اسلامی تعلیمات 6- اسلامی اقدار 7- عربی کی تعلیم اور قرآن پاک کی طباعت 8- سود کا خاتمہ 9- زکوٰۃ اور عشر کا نظام 10- اسلامی ممالک سے تعلقات 11- اسلامی نظریاتی کونسل کا قیام 12- اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ

Q10. انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: موجودہ دور میں زرائع ابلاغ اور رسل و رسائل اس حد تک ترقی کرچکے ہیں کہ دنیا سمٹ کر رہ گئی ہے- کمپیوٹر اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے میدان میں بہت اہم کردار ادا کررہے ہیں- ان کی بدولت زندگی کے ہر شعبے میں بہت تیزی سے تبدیلیاں ارہی ہیں- کمپیوٹر انفارمیشن ٹیکنالوجی ایسے علوم ہیں جن کی تعلیم وقت کی ضرورت ہے- کمپیوٹر جاننے والے بہت اچھی روزی کمارہے ہیں- حکومت اور پرائیوٹ ادارے ہر جگہ کمپیوٹر کی تعلیم کا بندوبست کررہے ہیں-

---

Q11. ثانوی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: نویں اور دسویں جماعتوں کی تعلیم سیکنڈری تعلیم کہلاتی ہے. اس تعلیم کی اہمیت بہت زیادہ ہے - یہ تعلیم ابتدائی تعلیم اور اعلی تعلیم کے درمیان ایک پل کا کام دیتی ہے. اس درجے میں آرٹس ، سائنس ، کمپیوٹر سائنس اور کامرس کی تعلیم دی جاتی ہے. یہاں سے طلبہ کے مستقبل کے لیے خدو خال واضح ہونا شروع ہوجاتے ہیں- ثانوی تعلیم اگلے مدارج کے لیے ایک لانچنگ پیڈ کی حیثیت رکھتی ہے.

Q12. پاکستان میں تعلیمی مسائل کون سے ہیں-

Ans 1: فرسودہ نظام تعلیم - نظریاتی اساس کا فقدان - ناقص طریقہ امتحانات -محدود تعلیمی وسائل -مقصد تعلیم - اساتذہ کی کمی - ہم نصابی سرگرمیوں کا فقدان

Q13. لیاقت علی خان نے پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے 7 مارچ 1949 کو کیا ارشاد فرمایا.

Ans 1: "چوں کہ اللہ تعالی ہی کل کائنات کا بلا شرکت غیرے حاکم مطلق ہے اور اسی نے جمہور کی وساطت سے مملکت پاکستان کا اختیار حکمرانی اپنی مقرر کردہ حدود کے اندر استعمال کرنے کے لیے اجازت عطا فرمائی. چوں کہ یہ اختیار حکمرانی ایک مقدس امات ہے لہذا جمہور پاکستان کی نمائندہ مجلس دستور ساز فیصلہ کرتی ہے کہ آزاد اور خود مختار مملکت پاکستان کے لیے ایک دستور مرتب کیا جائے.

Q14. ثانوی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: نویں اور دسویں جماعتوں کی تعلیم سیکنڈری تعلیم کہلاتی ہے. اس تعلیم کی اہمیت بہت زیادہ ہے - یہ تعلیم ابتدائی تعلیم اور اعلی تعلیم کے درمیان ایک پل کا کام دیتی ہے. اس درجے میں آرٹس ، سائنس ، کمپیوٹر سائنس اور کامرس کی تعلیم دی جاتی ہے. یہاں سے طلبہ کے مستقبل کے لیے خدو خال واضح ہونا شروع ہوجاتے ہیں- ثانوی تعلیم اگلے مدارج کے لیے ایک لانچنگ پیڈ کی حیثیت رکھتی ہے.

Q15. 1956 کے ائین کب تیار ہوا اور نافذ ہوا.

Ans 1: پاکستان کو اپنے قیام ہی سے ائین سازی میں مشکلات کا سامنا رہا- قرارداد مقاصد دستور سازی کی طرف پہلا بڑا قدم تھا- بہر حال بڑی کوششوں کے بعد 1956 میں پاکستان کا پہلا ائین تیار ہوا جوکہ 23 مارچ 1956 کو نافذ ہوا.

Q16. مقامی حکومتوں کے مختلف درجات بتائیں.

Ans 1: مقامی حکومتوں کے تحت دیہی علاقوں دو درجاتی نظام جبکہ شہری علاقوں میں تین درجاتی نظام بنایا گیا.

Q17. مقامی حکومتوں کے مختلف درجات کا ڈھانچا تحریر کریں-

Ans 1: 1- ویلیج ہیبرہڈ یونین کونسل 2- ضلع کونسل یا تحصیل کونسل 3- چیف آفیسر

Q18. معاشی حقوق میں دو حقوق بیان کریں-

Ans 1: معاشی حقوق میں مزدور کو اسلامی ریاست عزت دیتی ہے ، تحفظ دیتی ہے اور اس کے کام کی عظمت کو تسلیم کرتی ہے. محنت میں عظمت کا آصول اسلام نے پوری طرح قبول کیا ہے- وہ سارے حقوق جو معاشی شعبے میں جدید دور مین عوام کو دئے گئے ہیں-

Q19. انسانی حقوق نظریہ میں کون سے اجزا شامل ہیں.

Ans 1: اس نظریہ میں وہ تمام اجزا شامل ہیں جن کے تحت تمام انسان یکساں طور پر بنیادی ضروریات اور سہولیات کے لحاظ سے برابر کے حق دار ہیں.

Q20. اسلامی انسانی حقوق کیا ہیں.

Ans 1: ہمارے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانی حقوق آزادی اور مساوات کا اعلان 10 ہجری بمطابق 631 اپنے خطبہ حجتہ الوداع میں فرمایا جسے انسانی حقوق کا چارٹر کہا جاتا ہے.